THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Friday, October 3, 2025
(354th Session)
Volume XIX, No. 02
(Nos.)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume XIX	SP. XIX(02)/2025
No. 02	15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran... 1
2. Pointing out of Quorum 3

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Friday, October 3, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty eight minutes past ten in the morning with Madam Presiding Officer (Senator Sherry Rehman) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآىِٕقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ اِلَیْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ﴿۵۸﴾ الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وَ عَلٰى رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ كَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا

تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللّٰهُ یَرْزُقُهَا وَ اِیَّاكُمْ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۶۰﴾

ترجمہ: ہر متنفس موت کا مزہ چکھنے والا ہے پھر تم ہماری ہی طرف لوٹ کر آؤ گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو ہم بہشت کے اونچے، اونچے محلوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، ہمیشہ ان میں رہیں گے (نیک) عمل کرنے والوں کا (یہ) خوب بدلہ ہے۔ جو صبر کرتے ہیں اور اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔اور بہت سے جانور ہیں جو اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے اللہ ہی ان کو رزق دیتا ہے اور تم کو بھی اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ وماعلینا اللبلاغ المبین۔

سورۃ العنکبوت (آیات 57تا60)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سینیٹر اسد قاسم ابھی بلوچستان میں ہونے والے دہشتگردی کے واقعے پر دعا کروانا چاہتے ہیں۔ پہلے انہیں کروانے دیں۔ اس کے بعد بیرسٹر علی ظفر صاحب میں آپ کو موقع دوں گی۔ سینیٹر اسد قاسم صاحب کا mic on کر دیں۔

(اس موقع پر سینیٹر عمر فاروق اپنی نشست پر اٹھ کر احتجاج کرنے لگے)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب مجھے requestآئی تھی کہ بعد میں اس پر بات ہوگی۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی، جی سینیٹر صاحبان آپ سب لوگ آج بات کریں گے۔پہلے فاتحہ خوانی کرلیں۔ سینیٹر صاحب، آپ فاتحہ کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر اسد قاسم: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔۔۔۔

(اس موقع پر دیگر سینیٹر صاحبان بھی اپنی نشستوں پر کھڑے ہو کر احتجاج کرنے لگے)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیے، سینیٹر صاحبان، سینیٹر اسد قاسم دعا کروانا چاہ رہے ہیں، اس لیے میں انہیں روکنا نہیں چاہ رہی۔

(مداخلت)

سینیٹر اسد قاسم: بلوچستان کے سینیٹر ابھی یہاں پر جو کہہ رہے ہیں، اگر ہمیں ایوان میں اس دن سن لیا جاتا جس دن یہ واقعہ ہوا تھا، ہم دعا کروالیتے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیے، سینیٹر عمر فاروق صاحب آپ کے سارے Members بولے ہیں لیکن آپ چلے گئے تھے۔Floor سے requestآتی ہے اس لیے میں آپ سے کہہ رہی ہوں کہ دعا کروائیں۔

سینیٹر اسد قاسم: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ پہلے فاتحہ تو پڑھ لیں۔آپ سنیں گے تو آپ کو پتا چل جائے گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر اسد قاسم آپ specify بھی کردیں کہ کس لیے فاتحہ خوانی کرنی ہے۔

سینیٹر اسد قاسم: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سب سے پہلے میں newly elected Senator رانا ثناء اللہ کو مبارک باد دوں گا اور چونکہ ابھی وہ موجود نہیں ہیں، میں انہیں House میں welcome بھی کروں گا۔ میڈم! 30 ستمبر کو ماشاء اللہ ساڑھے چار گھنٹے ایوان کا اجلاس چلا۔ ہم نے وقفہ کرکے اس دوران دو نمازیں بھی پڑھیں۔Government and Oppositionکے موجود Senators کل یہاں ساڑھے چار گھنٹے۔۔۔۔

Pointing out of Quorum

سینیٹر عمر فاروق: میڈم! میں کورم کی نشاندہی کرتا ہوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اگر quorum point out ہوا ہے تو technically counting ضرور کرانی ہو گی۔ سینیٹر صاحب نے point out کیا ہے. and it must be counted.

(اس موقع پر گنتی کی گئی)

Madam Presiding Officer: House is not in quorum. Bells be rung for five minutes, please.

(Bells were rung)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: There is no quorum because only 19 Members are present. So, the House will have to be adjourned. دوسری بات یہ کہ آج ہم بلوچستان کے حوالے سے debate کے لئے تیار تھے۔ جی سینیٹر عمر فاروق صاحب اس دن بھی دو گھنٹے بحث ہوئی تھی لیکن آپ Question Hour کے بعد چلے گئے تھے۔ ساری debate ہوئی تھی اور منسٹر صاحب نے wind up بھی کیا تھا پھر بھی ہم نے کہا کہ آج کی کارروائی بلوچستان کے حوالے سے دعا اور debate سے شروع ہو گی۔ اس کے بعد Minister for Foreign Affairs کو Gaza briefing کے لئے بلایا گیا تھا۔ وہ بھی آنے والے تھے لیکن سینیٹر عمر فاروق صاحب بلوچستان کے متعلق debate آپ ہی اس وقت روک رہے ہیں اور یہ بڑے افسوس کی بات ہے۔

So, I adjourn the House to meet again on Monday, 6th October, 2025, at 04:00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Monday, 6th October, 2025 at 04:00 p.m.]